حضرت مولانا عبدالرحیم نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ
اور حضرت مولانا ذوالفقار احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت

محمد اعجاز مصطفیٰ

۲۱/ جمادی الاخریٰ ۱۴۴۷ھ مطابق ۱۳/ دسمبر/ ۲۰۲۵ء بروز ہفتہ کو حضرت مولانا عبدالرحیم نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ (فرزند حضرت خواجہ غلام حبیب نقشبندی مجددیؒ) کی چکوال میں وفات ہوئی، ۲۲/ جمادی الاخریٰ بروز اتوار فیض گاہ نقشبندیہ ملہو آنہ موڑ جھنگ میں آپ کی تدفین ہوئی۔ إنا لله و إنا إليه راجعون ، إن لله ما أخذ وله ما أعطى و كل شيئ عندهٗ بأجل مسمّى !

۲۲/ جمادی الاخریٰ/ ۱۴۴۷ھ مطابق ۱۴/ دسمبر/ ۲۰۲۵ء بروز اتوار صبح کے وقت معروف پیرِ طریقت حضرت مولانا حافظ ذوالفقار احمد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ اس فانی دنیا کی ۷۲ بہاریں گزار کر عالمِ بقا کی طرف روانہ ہوگئے۔ إنا لله و إنا إليه راجعون ، إن لله ما أخذ وله ما أعطى و كل شيئ عندهٗ بأجل مسمّى !

آپ حضرت خواجہ غلام حبیب نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے۔ اگلے روز بروز پیر کو آپ کی نمازِ جنازہ ہوئی اور اپنے ادارہ جامعہ معہد الفقیر الاسلامی، جھنگ میں تدفین عمل میں آئی۔

اللہ تعالیٰ دونوں حضرات کی تمام حسنات کو قبول فرمائے، اُن کی سیئات کو مبدل بہ حسنات فرمائے، ان کو جنت الفردوس کا مکین بنائے۔ ادارہ بینات ہر دو حضرات کے لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے لواحقین کو صبرِ جمیل کی توفیق سے نوازے اور ان کو صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

ادارہ بینات اپنے باتوفیق قارئین سے ہر دو حضرات کے ایصالِ ثواب اور دعائے مغفرت کی درخواست کرتا ہے۔